| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ف‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ف‘ کو پہچان سکیں ۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے دو) الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف ’ا تا غ‘ کا تلفظ،آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ف‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ف‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف ’ف‘ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’ف‘ ہے۔ یہ حروف تہجی کا ستائیسواں حرف ہے۔بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ف‘ کو درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔اور حرف ’ف‘ کے ذخیرہ الفاظ (فاختہ،فوارہ،فٹ بال،فوجی،فراک، فانوس، فالودہ) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔بچوں کو حرف ’ف‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو فراک کی ورک شیٹ کی آؤٹ لائن دی جائے گی۔جس میں بچے رنگ بھریں گے اور ستارے دیئے جائیں گے جس کو بچے فراک پر چسپاں کر کے فراک کو سجائیں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ ،رنگ،ستارے ،گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف ’ف‘ کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ف‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ف‘ کو پہچان سکیں‘ ۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف ’ف‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ف‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ف‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو ’ف‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>فالسے والا آیا فالسے کا شربت لایا　　کھٹا میٹھا ٹھنڈا ٹھنڈا<br>کیا خوب شربت لایا　　گرمی کے موسم میں<br>بہت مزہ آیا　　فالسے والا آیا فالسے کا شربت لایا | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 64 کھولیں اور حرف ’ف‘ پر انگلی پھیریے اور حرف ’ف‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائیے۔ ’ف‘ کی آواز کی بار بار دہرائی کروائیے ’ف‘ سے فاختہ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ف‘ سے فاختہ بتائیں گے۔ ’ف‘ سے فاختہ بچوں کو چارٹ پیپر سے کٹے ہوئے دائرے دیئے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ اس کو آدھا تہہ کرلیں اب بچوں کو ایک سادہ کاغذ دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ جیسے کاغذ کا پنکھا بناتے ہیں اس کاغذ کو فولڈ کریں۔ جو دائرہ فولڈ کیا تھا اس میں تھوڑا سا سوراخ کر کے وہ فولڈ کاغذ اُس میں ڈال کر فاختہ کے پر بنائیں۔ اُس کے بعد گوگلی آنکھیں اور چونچ چسپاں کرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 64<br>سفید چارٹ پیپر، سفید سادہ کاغذ، گوگلی آنکھیں، پیلا رنگین کاغذ، گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف ’ف‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ دی جائے گی ’ف‘ فالسے میں رنگ بھریں۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ف' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ف' کو پہچان سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ف' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ف' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ف' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ف' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ف' کی کہانی سنیں گے۔<br>فائقہ اور فرحان امی سے پوچھ کر پارک میں کھیلنے گئے۔ فرحان کے ہاتھ میں اپنا فٹ بال تھا۔ فائقہ نے فیروزی رنگ کی فراک پہنی ہوئی تھی پارک میں داخل ہوتے ہی انہوں نے ایک فوارہ دیکھا۔ جس کے پاس ایک فاختہ بیٹھی پانی پی رہی تھی۔ ایک فوجی انکل پاس سے گزرے انہوں نے فرحان کو کہا فٹ بال مت پھینکنا فاختہ اڑ جائے گی میں اس کی فوٹو اتارنے لگا ہوں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو فوارے کی ورک شیٹ دی جائے گی اور لائٹ بلو پوسٹر کلر دیا جائے گا۔ بچے ورک شیٹ میں فوارے کے پاس انگلی کی مدد سے پانی کے قطرے بنائیں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ، بلو پوسٹر کلر | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے فائقہ، فرحان، فٹ بال، فیروزی، فراک کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ف' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ف' کو پہچان سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ف' کا تلفظ اس کی بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ف' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اس میں 'ف' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ف' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے فراک فانوس اور فالودہ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ کچھ گروپس کو Play Dough دی جائے گی اور کہا جائے گا کہ اس سے ف بنائیں۔ اور کچھ گروپس سے Salt Tray پر 'ف' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو صفحہ نمبر 65 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اور پوچھا جائے گا کیا درخت کی ابتدائی آواز 'ف' ہے۔ بچوں کو 'ف' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ف' کی درست بناوٹ پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں بچوں سے حرف 'ف' لکھوانے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>Play dough<br>Salt Tray<br>کتاب صفحہ نمبر 65 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ف' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ف' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ف' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ف' کو پہچان سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ف' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ف' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ف' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید سیاہ پر حرف 'ف' کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ف' پر پنسل پھیریے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈز<br>Sand Letters<br>کاپی | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ف' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ف' کی نشاندہی کرنے پر۔ |